ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

وزیراعلیٰ سندھ ہاؤس میں تقریب کا انعقاد۔

پی ایس پی گروپ کے تحت ترقی پانیوالے افسران کو اگلے عہدوں پر ترقی کے رینک لگائے۔

کراچی 04 فروری 2019ء:۔

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے سی ایم ہاؤس کراچی میں منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب کے دوران محکمہ پولیس سندھ سے وابستہ پی ایس پی گروپ کے گریڈ 20 سے 21 اور 19 سے 20 پر ترقی پانیوالے افسران کو اگلے عہدوں کے رینک لگائے۔

اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ نے ترقی پانیوالے پی ایس پی افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ سندھ پولیس اپنے جملہ پیشہ وارانہ امور انتہائی محنت، لگن اور جانفشانی سے انجام دے رہی ہے اور میں جہاں بھی جاتا ہوں سندھ پولیس کی تعریف کرتا ہوں مجھے قوی اُمید ہے سندھ پولیس اپنی کارکردگی کے تسلسل کو جاری رکھیگی۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ سندھ پولیس ماہر تجربہ کار پیشہ ور اور باصلاحیت افسران اور جوانوں پر مشتمل ایک ایسی فورس ہے کہ جو اپنے جملہ امور کو خدمت انسانیت سمجھ کر نا صرف انجام دے رہی ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر کے لیئے ایک خوف کی علامت بھی ہے۔

محکمہ سندھ پولیس سے وابستہ گریڈ 20 سے 21 کے عہدوں پر ترقی پانیوالے افسران میں ڈاکٹر کامران فضل اور ڈاکٹر جمیل احمد جبکہ گریڈ 19 سے 20 کے عہدوں پر ترقی پانیوالے پی ایس پی گروپ کے افسران میں فدا حسین مستوئی، منیر شیخ، ناصر آفتاب، عمر شاہد اور مقصود میمن تقریب میں موجود تھے۔

تقریب میں چیف سیکریٹری سندھ، سیکریٹری داخلہ سندھ، ایڈیشنل آئی جی سندھ، ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ، ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جیز ہیڈکوارٹرز، فائنانس اینڈ ویلفیئر، اسٹیبلشمنٹ، ایڈمن کراچی، زونل ڈی آئی جیز، ڈی آئی جی سی آئی اے نے شرکت کی۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔